# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

### پریس ریلیز

### وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت میں گندم کی لاہور ڈویژن میں کاشت سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

### امسال وزیراعلیٰ پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کیلئے تاریخی انعامی پیکج متعارف کرایا ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:06 نومبر 2024(        ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گندم کے کاشتکاروں کیلئے خصوصی طور پر تاریخی انعامی پیکج متعارف کرایا ہے جس کے تحت 25 ایکڑ اوراس سے زائد رقبہ گندم کے زیرِ کاشت لانے پر اربوں روپے مالیت سے 1 ہزار ٹریکٹرز جبکہ ساڑھے بارہ تا25 ایکڑ گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کو 1 ہزار لیزر لینڈ لیولرز قرعہ اندازی کے ذریعے فراہم کئے جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیواسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کمشنر آفس لاہور میں گندم کی کاشت سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب کو بتایا گیا کہ امسال لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 13 لاکھ 33 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کیلئے تمام وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔محکمہ زراعت توسیع کا عملہ کاشتکاروں کی بھرپور فنی راہنمائی کررہا ہے۔گندم کے ایکشن پلان کے مطابق کاشتکاروں کو سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ۔ مارکیٹ میں معیاری کھاد، بیج اور زرعی ادویات کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ کی معاونت سے خصوصی ٹیمیں مانیٹرنگ کررہی ہیں۔کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے میگا فارمر گیدرنگ اور نمائشی پلاٹس تیار کئے جارہے ہیں۔ڈویژنل اور ضلعی کمیٹیوں کے باقاعدگی سے اجلاس منعقد کئے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت وآبپاشی کے روابط مزید بہتر کئے گئے ہیں تاکہ گندم کی فصل کیلئے پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔پرنٹ،الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے موثر آگاہی مہم بھی جاری ہے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ امسال صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس کا حصول ملکی فوڈ سیکیورٹی کیلئے ناگزیر ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی واضح ہدایت کے مطابق صوبہ کے تمام اضلاع میں گندم کی کاشت کا ہدف کے حصول کو ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔اس ضمن میں وزیراعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت بھرتی ہونے والے نوجوان زرعی گریجویٹس کو بھی کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے خصوصی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ امسال سرکاری رقبوں پر گندم لازمی کاشت کی جائے گی۔موجودہ حکومت نے گندم کے چھوٹے کاشتکاروں کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا اجراء کردیا ہے جس کے ذریعے رجسٹرڈ ڈیلرز سے بلاسود زرعی قرضہ سکیم کے تحت کھاد، بیج اور زرعی ادویات مقرر کردہ قیمتوں پر دستیاب ہیں۔صوبائی وزیر نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری رقبوں پر گندم کی کاشت سے متعلق جلد رپورٹ پیش کرے۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت  توسیع کسان کارڈ کے ذریعے زرعی مداخل کی خرید اور تصدیق شدہ بیج کی ڈویژن میں دستیابی کے حوالے سے اپنی رپورٹ پیش کرے۔وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ امسال محکمہ زراعت پنجاب کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت میں قریباً 2 ہزار روپے کمی کی گئی ہے۔اس کے علاوہ گندم کی کاشت کیلئے ڈی اے پی اور تمام دوسری کھادوں کے کنٹرول ریٹ پر وافر سٹاک موجود ہیں۔انھوں نے کہا کہ گندم کی کاشت کے دوران زرعی مداخل کی زائد قیمت اور غیر معیاری زرعی مداخل کی مارکیٹ میں موجودگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔صوبائی وزیر نے گندم کی کاشت سے متعلق تمام متعلقہ محکموں کو آپس میں روابط مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کا جائزہ لینے

کیلئے ڈویژنل وڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ہفتہ وار باقاعدگی سے اجلاس منعقد کئے جائیں۔گندم کی کاشت کے حوالے سے رواں ماہ نہایت اہم ہے۔گندم کی کاشت کے سلسلے میں محکمہ زراعت اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ شانہ بشانہ کام کریں۔اجلاس میں کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم و دیگر افسران نے شرکت کی۔اس کے علاوہ اجلاس میں شیخوپورہ، ننکانہ اور قصور کے ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

☆☆☆☆